NIHR | Leicester Biomedical Research Centre

# GENVASCکی تحقیق

## اور آپ کی NHS صحت کی پڑتال

## کیا آپ دل کی بیماری پر قابو پانے میں ہماری مدد کرنا چاہیں گے؟

جب آپ کی NHS کی صحت کی پڑتال ہوگی ہم آپ کو GENVASC تحقیق میں حصہ لینے کے لیے مدعو کرنا چاہیں گے۔ آپ کی NHS کی صحت کی پڑتال کی جائے گی تاکہ آپ میں دل کی بیماری کے خطرے یا دوران خون کے دیگر مسائل کا جائزہ کیا جا سکے۔ اس پڑتال میں آپ کے خون کے ایک نمونے کا معائنہ اور ان عناصر کی پڑتال شامل ہے جن کے بارے میں ہم جانتے ہیں کہ وہ آپ میں دل اور دوران خون کی بیماری کے امکان کا باعث بن سکتے ہیں، مثلاً آپ کی عمر، جنس، فشارِ خون، کولیسٹرول کی سطح اور یہ کہ آیا آپ تمباکو نوشی کرتے ہیں یا آپ کو ذیابیطس ہے۔

یہ تمام چیزیں زیادہ خطرے کا شکار لوگوں کی شناخت کرنے اور پیشگی طور پر احتیاطی تدابیر اختیار کرنے میں ہماری مدد کے لیے اہم ہیں۔
تاہم، یہ معائنے مکمل طور پر درست نہیں ہوتے اور کچھ لوگ جن میں خطرے کا کم یا درمیانہ امکان پایا گیا وہ پھر بھی قلب اور دوران خون کے مسائل کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس کی یہ وجہ ہے کہ دیگر عناصر شامل ہوتے ہیں،

مثلاً کچھ خاندانوں میں دیگر کی نسبت قلب اور دوران خون کی بیماری ہونے کے زیادہ امکانات ہیں، لہٰذا دل کی بیماری کا شکار ہونے کے امکان کو بڑھانے میں جینز اور ڈین این اے بھی کردار ادا کرتے ہیں۔

## GENVASC تحقیق کس بارے میں ہے؟

حال ہی میں ان جینز کی شناخت پر بہت پیش رفت کی گئی ہے جو دل کی بیماری کے خدشے پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ GENVASC تحقیق (جینیٹکس اینڈ دی ویسکولر ہیلتھ چیک پروگرام (Genetics and the Vascular Health Check Programme) کا مخفف میں، آپ جیسے ہزاروں
افراد شامل ہیں اور اس کا ہدف یہ معائنہ کرنا ہے کہ آیا معائنہ کردہ دیگر عناصر میں جینیاتی معلومات کو شامل کرنا، اس تشخیص کو بہتر بنانے میں مدد کر سکتا ہے کہ کس شخص میں قلبی اور دوران خون کی بیماری کا امکان ہے۔

## اس میں کیا شامل ہے؟

تحقیق میں حصہ لینا نہایت آسان ہے جیسا کہ یہ آپ کی صحت کی پڑتال کے ساتھ منسلک ہے۔ آپ کو صرف ایک رضامندی کے فارم پر دستخط کرنا ہو گا، جو ہمیں آپ کی کچھ طبی معلومات کو رازداری کے ساتھ تحقیق میں استعمال کرنے کی اجازت دے گا، اور ہمیں خون کا نمونہ فراہم کرنا ہو گا۔ زیادہ تر صورت حالوں میں خون کا نمونہ اسی وقت لیا جاتا ہے جب آپ کی صحت کی پڑتال کا نمونہ لیا جا رہا ہو اور اس کے بعد مزید کوئی دورے یا علاج شامل نہیں ہوتے۔

## میرے خون کے نمونے اور ڈیٹا کے ساتھ کیا کیا جائے گا؟

آپ کا خون کا نمونہ اور ڈیٹا تحقیق میں استعمال کرنے کے لیے بحفاظت NIHR لیسیسٹر کارڈیوویسکولر بایو میڈیکل ریسرچ سینٹر

(NIHR Leicester Cardiovascular Biomedical Research Centre) میں ذخیرہ کیا جائے گا۔

## مجھے یہ کیسے پتہ چلے گا کہ اس تحقیق میں میری شرکت رازدارانہ رہے گی؟

اس تحقیق میں آپ کی شرکت رازدارانہ رہے گی جیسے کہ آپ کو ایک منفرد تحقیق نمبر جاری کیا جائے گا۔ ان تحقیق کاروں کو جو آپ کے خون کا جائزہ لیں گے صرف آپ کا نمبر معلوم ہوگا، نام نہیں۔

## اس بارے میں مزید معلومات کے لیے

کہ یہ اہم تحقیق کیوں کی جا رہی ہے، براہ کرم فراہم کردہ امیدوار کی تفصیلی معلومات ملاحظہ کریں۔ اگر تفصیلی معلوماتی شیٹ کو پڑھنے کے بعد یا بعد میں کسی بھی نقطے پر آپ خارج ہونا چاہیں، تو آپ اپنی نگہداشت یا قانونی حقوق کو کسی بھی طرح سے متاثر کیے بغیر ایسا کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔

حصہ لینے کا اختیار رضاکارانہ ہے، مگر براہ کرم حصہ لیں۔ نتائج کا انحصار اس بات پر ہے کہ نمونے کے لیے زیادہ سے زیادہ لوگ حصہ لینے کے لیے راضی ہوں اور یہ مستقبل میں زندگیاں بچانے کے لیے انتہائی اہم ثابت ہو سکتا ہے۔

NHS
University Hospitals of Leicester
NHS Trust

UNIVERSITY OF LEICESTER

NHS
Leicester City Clinical Commissioning Group
West Leicestershire Clinical Commissioning Group
East Leicestershire and Rutland Clinical Commissioning Group

GENERAL PRACTICE ALLIANCE

DocMed NORTHAMPTONSHIRE

3SIXTY CARE PARTNERSHIP

LAKESIDE HEALTHCARE

Version 3.0 12 September 2013